Signature: ____________________

Date : ____________________

سولویگو کا وار نہ جائے خالی
تھرپس کا خاتمہ فصل میں آئے ہریالی
سولویگو کے فوائد
سولویگو سے فصل زیادہ سرسبز و شاداب
وسیع الاثر کیڑے مار زہر
سرائیت پذیر
اسپرے کے ایک گھنٹے بعد بارش کی صورت میں اس کا اثر ضائع نہیں ہوتا
تھرپس کا بہترین کنٹرول
سولویگو ۱۰۸ ایس سی
syngenta
Suspension Concentrate
چیتے جیسی تیزی...
جڑی بوٹیوں کا دیکھتے ہی دیکھتے صفایا
گراموکسون ۲۰۰ ایس ایل
syngenta
Soluble Concentrate
سولویگو ۱۰۸ ایس سی
گراموکسون ۲۰۰ ایس ایل
نیا سویرا
سنجینٹا کی تمام زرعی ادویات صرف
نیا سویرا پر ہی دستیاب ہیں
syngenta

جلد نمبر–2
شمارہ نمبر–2

GOLDEN JUBILEE CELEBRATIONS
CENTRAL COTTON RESEARCH INSTITUTE MULTAN
1970 - 2020

پاکستان کاٹن گروؤر

اپریل ۔ جون 2019ء

سنٹرل کاٹن ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ، ملتان، پاکستان

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا
اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى
شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾
اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اور لوگوں (یعنی صحابہ) کی طرح تم بھی ایمان لاؤ تو جواب دیتے ہیں کہ ہم ایسا ایمان لائیں جیسا بیوقوف لائے ہیں، (۱) خبردار ہو جاؤ یقیناً یہی بیوقوف ہیں، لیکن جانتے نہیں (۲)۔ اور جب ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم بھی ایمان والے ہیں جب اپنے بڑوں کے پاس جاتے ہیں (۱) تو کہتے ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں ہم تو صرف ان سے مذاق کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ بھی ان سے مذاق کرتا ہے (۱) اور انہیں ان کی سرکشی اور بہکاوے میں اور بڑھا دیتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے گمراہی کو ہدایت کے بدلے میں خرید لیا، پس نہ تو ان کی تجارت (۱) نے ان کو فائدہ پہنچایا اور نہ یہ ہدایت والے ہوئے۔

(سورۃ البقرۃ۔ آیت ۱۳ تا ۱۶)

PAKISTAN COTTON GROWER

پاکستان کاٹن گروؤر

جلد نمبر – 2
شمارہ نمبر – 2

اپریل ۔ جون 2019ء

ترتیب مضامین

1 ۔ اداریہ ---------------------------------- 2

2 ۔ کپاس کی فصل پر گرمی کی شدت اور پانی کی کمی کے اثرات 3
عبدالطیف شیخ، کاٹن کنسلٹنٹ، ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر، سی سی آر آئی، ملتان

3 ۔ کپاس کی گلابی سنڈی کا تدارک بذریعہ پی بی روپ 6
ڈاکٹر زاہد محمود، ڈاکٹر رابعہ سعید، جنید علی خان سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان

4 ۔ باؤنا پن کا مرض (Stunting Disease) 9
صباحت حسین، سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان

5 ۔ کپاس کی فصل پر سفید مکھی، سبز تیلہ اور تھرپس کا مربوط طریقہ انسداد 10
سیف اللہ خان، سینئر مینیجر ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ علی اکبر گروپ، ملتان

6 ۔ کپاس میں بی ٹی کی تشخیص 14
ڈاکٹر خادم حسین، سی سی آر آئی، ملتان

7 ۔ کپاس کے ریشے کی بناوٹ 15
ڈاکٹر محمد نواز، کاٹن کنسلٹنٹ

سرپرست
ڈاکٹر خالد عبداللہ

مدیر اعلیٰ
ڈاکٹر زاہد محمود

مدیر
عبدالطیف شیخ

مدیران
ڈاکٹر نوید افضل
ڈاکٹر محمد ادریس خان
ڈاکٹر فیاض احمد
مسز صباحت حسین
ڈاکٹر رابعہ سعید
محمد الیاس سرور
ساجد محمود

رابطہ کار
زاہد خان

سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، پرانا شجاع آباد روڈ، ملتان ۔ پاکستان
+92 61 920 0340 | www.ccri.gov.pk | ccri.multan@yahoo.com

Central Cotton Research Institute, Multan

اداریہ

پاکستان میں کپاس فصل بحالی کے لیے حکومتی اقدامات

پاکستان میں کپاس کی پیداوار کے مسلسل کمی کے تناظر میں حکومت پاکستان نے کئی اہم اقدامات کو عملی طور پر نافذ کرنے کی حکمت عملی تیار کی گئی ہے۔ کپاس کی موجودہ پیداوار بڑھانے کے لئے کپاس کے تصدیق شدہ بیج کی فراہمی، گلابی سنڈی کو کنٹرول کرنے کے لئے پی بی روپ کی دستیابی یقینی بنانے کے لئے متعلقہ محکموں اور پیسٹی سائڈ کمپنیوں کو عملدرآمد کرنے کی ہدایت، کسانوں کے عملی تربیتی پروگرامز کو چاروں صوبوں میں تیز کرنے اوراس کے علاوہ کپاس کی درآمدات پر بھی ڈیوٹی بڑھانے کی سفارش کی گئی ہے تاکہ مقامی مارکیٹ میں کسانوں کو بہتر قیمت مل سکے۔

جناب صاحبزادہ محبوب سلطان، وفاقی وزیر برائے فوڈ سیکیورٹی نے زراعت کے صوبائی وزراء کے ہمراہ پریس کانفرس کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت نے 309 ارب روپے سے نیشنل ایگریکلچر ایمرجنسی پروگرام مرتب کیا ہے۔ تاکہ فصلوں کی کم ہوتی ہوئی پیداوار بڑھائی جا سکے۔ گذشتہ عشرہ میں فصلوں کی پیداوار کم ہونے کی وجہ سے زرعی برآمدات خاطر خواہ کم ہوئی جبکہ زرعی ملک ہونے کے باوجود پاکستان کی زرعی درآمدات بڑھ کر چار ارب ڈالر کی ہوگئی۔ اس کے علاوہ کپاس کی فصل کی بھی مسلسل کمی کی وجہ سے نہ صرف زرمبادلہ کے حصول میں کمی آئی بلکہ اس فصل سے منسلک انڈسٹری میں کام کرنے والے افراد کے لیے روزگار میں بھی کمی آئی۔ وفاقی حکومت کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے اہم نکات میں فصلوں کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کرنا، فصلوں کو پانی کی دستیابی کے لئے کھالوں کو پختہ کرنے اور چھوٹے ڈیم بنانے کے لئے بھی خاطر خواہ فنڈز مختص کے گئے ہیں۔

اس کے علاوہ طویل مدتی پروگرامز میں کپاس کی تحقیق کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے، تحقیق اداروں کی استعداد کار بہتر کرنے، سائنسدانوں کی جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی بیرون ملک تربیت، کپاس کے بیج کی کوالٹی کی بہتری، نئی ورائٹیوں کی منظوری کے نظام میں بہتری، بیج کی تیاری اور مارکیٹنگ میں سرکاری اور نجی شعبہ کے مشترکہ اشتراک کا فروغ، قدرتی رنگین کپاس کے بیج کی تیاری، مشینی کاشت کا فروغ، شعبہ زرعی توسیع کی کسانوں کے عملی تربیتی پروگرامز بڑھانے اور زیادہ بہتر کرنے کے لئے جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال، زرعی قرضوں کی کم شرح سود پر آسان شرائط پر فراہمی، کپاس کی کوالٹی بہتر کرنے اور ضلع سطح پر صاف چنائی پروگرام کا آغاز اور صوبہ خیبر پختونخوہ اور بلوچستان میں کپاس کا رقبہ بڑھانے کے لئے اقدامات شامل ہیں۔

حکومت پاکستان کے مجوزہ پروگرامز پر متعلقہ صوبائی حکومتیں، محکمہ جات اور دیگر سرکاری اور نجی ادارے پوری تندہی سے عمل پیرا ہوئے تو کوئی وجہ نہیں کہ ملک میں کپاس کی پیداوار نہ بڑھائی جا سکے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ کپاس کے تمام سٹیک ہولڈرز مشترکہ حکمتی عملی کے تحت کپاس کی پیداوار بڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

کپاس کی فصل پر گرمی کی شدت اور پانی کی کمی کے اثرات

عبداللطیف شیخ، کاٹن کنسلٹنٹ، ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر، سی سی آر آئی، ملتان

کپاس اگرچہ گرم موسم کی فصل ہے۔ لیکن اس پر گرمی کی شدت اور پانی کی کمی کا بہت اثر ہوتا ہے۔ جس سے بیج کی روئیدگی (Germination) ، پودے کی نشوونما، پھولوں اور ٹینڈوں کا لگنا وغیرہ متاثر ہوتے ہیں۔ پیداوار اور ریشہ پر بھی برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کپاس کی موجودہ اقسام کے آباؤاجداد صحرائی تھے جو نیم خشک اور نیم گرم ماحول میں پرورش پاتے تھے۔ یہ اس سخت ماحول میں بھی زندہ رہنے کے عادی تھے جس میں وقتی طور پر پانی کی کمی، گرمی کی شدت، کیڑے مکوڑے اور بیماریوں وغیرہ تھیں۔ تاہم یہ اس وقت پھل پھول دیتے تھے جب درجہ حرارت کم اور دن کم طویل ہوتے تھے۔ امریکن کپاس (G. hirsutum) اور مصری کپاس (G. barbadense) کی نسلیں (Races) اور بہت سی صحرائی کپاس (Wild Species) کی اقسام اب بھی طویل دنوں اور زیادہ درجہ حرارت پر پھل پھول نہیں دیتیں۔ کپاس کی موجودہ اقسام اس ماحول میں پھلتی پھولتی ہیں جہاں نہ زیادہ گرمی ہو اور نہ پانی کی کمی ہو۔ کپاس کی فصل ہر قسم کے دباؤ (Stress) سے محفوظ ہونی چاہیے۔ گرمی کی شدت (Heat Stress) اور پانی کی کمی (Water Stress) کپاس کی فصل پر بری طرح اثرانداز ہوتی ہیں اور پیداوار میں کمی کا باعث بنتی ہیں۔

گرمی کی شدت (Heat Stress) کے اثرات

کپاس کی کاشت کا انحصار زمین کے درجہ حرارت پر ہے۔ کپاس کے بیج کو اگنے کے لیے دن کے وقت زمین کا موزوں درجہ حرارت 33 درجہ سنٹی گریڈ ہونا چاہیے۔ جب یہ درجہ حرارت 40 درجہ سنٹی گریڈ ہو تو بیج میں اگنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ بہتر تولیدی افزائش (Reproduction) کے لیے دن کا درجہ حرارت 35 درجہ سنٹی گریڈ اور رات کا 28 درجہ سنٹی گریڈ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ ورنہ بہت سی کلیاں (Bud shedding) گر جاتی ہیں۔ اور زردان (Anthers) نہیں پھٹتا (Dehiscence) اور نہ ہی زردانوں (Pollen grains) کی افزائش طبعی طور پر صحیح ہوتی ہے۔ اور فرٹیلائزیشن (Fertilization) کا عمل نہیں ہو پاتا۔ اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ زیادہ درجہ حرارت پر ساختی (Structural) اور حیاتیاتی کیمیائی (Biochemical) تبدیلیاں نئی پیدا ہونے والی کلیوں (Buds) میں رونما ہوتی ہیں جو زردانوں کو پھٹنے نہیں دیتی اور نہ ہی زردانے درست طریقہ سے بنتے ہیں۔

گرمی کی شدت کے بیج کے وزن اور بیج میں تیل کی مقدار اور ٹینڈا کے سائز (Boll weight) پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ وہ ٹینڈے جو ستمبر میں بنتے ہیں ان میں یہ خوبیاں ان ٹینڈوں کی نسبت جو اگست میں بنتے ہیں بہتر ہوتی ہیں۔ گرمی کی شدت ضیائی تالیف

(Photosynthesis) اور عمل تنفس (Respiratory) کے لئے مضر ہیں۔ بافتیں بنانے (Tissue building) کے لئے کم مواد (Substrate) میسر آتے ہیں۔ پروٹین کی ٹوٹ پھوٹ سے زہریلے مادے پیدا ہوتے ہیں جو خلوی جھلی (Cell Membrane) کو مجروح کرتے ہیں۔ اور خاص عوامل جن پر خامرے (Enzymes) کا عمل دخل ہوتا ہے رک جاتے ہیں۔ وہ خوراک جو پودے کی نشونما کے لئے ضروری ہوتی ہے نہیں بنتی۔ اس طرح یہ اثرات کپاس کی پیداوار میں کمی کی باعث بنتے ہیں۔ کپاس کی وہ اقسام جن میں گرمی کی شدت برداشت کرنے کی طاقت ہوتی ہے وہ عمل تنفس کے دوران نامیاتی (Organic) تیزابوں کی بہتات پیدا کرتے ہیں جو زہریلے مادوں کو نمکیات میں بدل دیتے ہیں اور گرمی کے اثرات کو کم کرتے ہیں۔ یہ آئیڈیل قسم کی کپاس کی اقسام ہیں۔ جن پر طویل دنوں اور گرمی کی شدت میں بھی ٹینڈے لگتے ہیں یہ اقسام بہترین پیداوار کی حامل ہیں۔

پانی کی کمی (Drought Stress) کے اثرات

کپاس کی فصل پر پانی کی کمی کے اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ ہلکی کمی سے پودے کا قد چھوٹا اور نشونما میں تبدیلی آجاتی ہے۔ لمبے عرصہ تک پانی کی کمی سے کپاس کی فصل مکمل طور پر تباہ ہوجاتی ہے۔ بارانی علاقوں میں ایسی صورت حال کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پانی کی کمی سے پودے میں تناؤ (Turgor) کم ہوجاتا ہے۔ جو نشونما میں کمی اور زردانوں کی روئدگی (Germination) نہ ہونے کی وجہ سے فرٹیلائزیشن نہیں ہوتی جس سے ٹینڈے بننے کے عمل میں خلل واقع ہوجاتا ہے۔ خلیات کا سائز اور ان کی درمیانی جگہ (Air Space) کا سائز کم ہوجاتا ہے۔ خلوی دیواریں موٹی اور مکینیکل بافتوں (Mechanical Tissues) کی نشونما زیادہ ہوتی ہے۔ ننھے ننھے سوراخ (Stomata) اور واسکولر بنڈل (Vascular bundle) کی تعداد بڑھ جاتی ہے۔ بذریعہ ضیائی تالیف خوراک بنانے کا عمل رک جاتا ہے۔ سٹومیٹا (Stomata) اگرچہ بند ہونے کی وجہ سے بخارات کا اخراج (Transpiration) کے عمل کو کم کرتے ہیں لیکن کاربن ڈائی آکسائڈ پتوں میں کم جذب ہوتی ہے۔ جس سے ضیائی تالیف کا عمل کم ہوجاتا ہے اور خامرہ (Enzyme) کے کام میں کمی واقع ہوجاتی ہے۔ ایبسیسک ایسڈ (Abscisic acid) پودے میں جمع ہوجاتا ہے یہ کھلے سٹومیٹا کو بند کردیتا ہے اور بند سٹومیٹا کو کھلنے سے روکتا ہے۔ جڑوں میں پانی نفوذ پذیری (Peneability) اور آئن کی حرکت (ion movement) کو زائلم (Xylem) میں روکتا ہے۔ شاخ کو لمبا ہونے سے روکتا ہے جس سے کپاس کے پودے میں شاخیں چھوٹی اور روزٹ فارمیشن (Rosette formation) ہوجاتی ہے۔

پانی کی کمی سے پرولین (Proline) یعنی امائنو ایسڈز (Amino Acidis) کپاس کے پودے میں جمع ہوجاتے ہیں جس سے پروٹین کی مقدار بنتی ہے۔ مائٹوکانڈریا (Mitochondria) عمل تکسید (Oxidation) کے عمل سے پرولین کو پروٹین میں تبدیل کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ چونکہ پانی کی کمی کی وجہ سے ان کی اپنی ساخت میں تبدیلی آجاتی ہے۔ خلوی تقسیم (Cell Division) میں بھی کمی آجاتی ہے۔ ایتھیلین (Ethylene) پتا کی ڈنڈی (Petiole) اور پھول کی ڈنڈی (Pedicle) میں جمع ہوجاتی ہیں۔ جو ہارمون (Auxin) کی منتقلی کو پتوں سے ان حصوں میں روکتی ہے۔ جس سے پتے اور ٹینڈے گرجاتے ہیں اس سے کپاس کی پیداوار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

زیادہ درجہ حرارت اور پانی کی کمی کے خلاف قوت مدافعت برداشت رکھنے والی کپاس کی تیاری

کپاس کی 26 کروموسومز (Chromosomes) والی اقسام (Species) میں 52 کروموسومز والی اقسام کی نسبت پیلیسیڈ بافتیں (Palisade Tissues) زیادہ ہونے کی وجہ سے ان کے پتے موٹے ہوتے ہیں۔ پتوں کا رقبہ کم اور جڑیں گہری ہوتی ہیں۔ ماضی میں 26 کروموسومز والی اقسام (Diploid species) اور 52 کروموسومز والی اقسام (Tetraploid) کے باہمی اختلاط سے کپاس کی ایسی اقسام جو زیادہ گرمی اور خشک سالی کے خلاف قوت مدافعت برداشت رکھتی تھیں۔ سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان کے شعبہ سائٹو جینیٹیکس نے تیار کیں۔ یہ اقسام زیادہ روئیں (Hairy) ہونے کی وجہ سے پتے کے درجہ حرارت کو کم کر کے بخارات کے اخراج (Transpiration) کے عمل میں کمی کا باعث بنتی تھیں۔ ان اقسام (Cyto 2/ Cyto 9/91, Cyto 10/91, 91/91) میں پتہ مروڑ وائرس کے خلاف قوت مدافعت کم تھی۔ موجودہ اقسام Cyto-510 اور CIM-678، CIM-554، CIM-599، CIM-608، Cyto-124، Bt.CIM-177، Bt.CIM-179، CIM-610، Bt.CIM-632 پانی کی کمی کے خلاف قوت برداشت رکھتی ہیں اور بہتر پیداواری صلاحیت کی حامل ہیں۔ اور پتہ مروڑ وائرس کے خلاف بھی قوت مدافعت رکھتی ہیں۔ CIM-70، CIM-109، CIM-240، CIM-534 میں زیادہ درجہ حرارت پر زردانوں کی شگفتگی (Anther dehiscence) ہوتی ہے اور کلوروفل فلوریسینس (Chlorophyll fluorescence) کے خلوی جھلی (Cell membrane) کم مجروح ہوتی ہے۔ یہ اقسام Heat stress پر بھی زیادہ پیداوار دیتی ہیں اور وائرس کے خلاف قوت مدافعت رکھتی ہیں۔

کپاس کی گلابی سنڈی کا تدارک بذریعہ پی بی روپ

ڈاکٹر زاہد محمود، ڈاکٹر رابعہ سعید، جنید علی خان سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان

گلابی سنڈی کپاس کا ایک نہایت ہی خطرناک کیڑا ہے، جو دنیا میں کپاس پیدا کرنے والے تقریباً تمام ممالک میں پایا جاتا ہے۔ اس کیڑے کا امریکا کی نسبت ایشیا اور افریقہ میں زیادہ حملہ ہوتا ہے۔ شمالی آسٹریلیا میں تو یہ کیڑا بڑی تباہی کا باعث بنا۔ اس کی سنڈی کا شدید حملہ کپاس پر اس وقت ہوتا ہے جب اس پر گڈیوں، پھولوں اور ٹینڈوں کی بہتات ہوتی ہے۔ سب سے پہلے یہ سنڈی ڈوڈیوں پر حملہ آور ہوتی ہے اور پھر سنڈی پھول میں داخل ہو کر اس کی پتیوں کے سروں کو اپنے منہ سے نکلنے والے لعاب سے بند کر دیتی ہے جس سے وہ مدھانی نما شکل اختیار کر لیتی ہے۔ متاثرہ پھول نہیں کھلتا اور سنڈی اس کے نر اور مادہ حصوں کو کھاتی رہتی ہے لیکن جب فصل پر ٹینڈے بنتے ہیں تو یہ چھوٹے نرم ٹینڈوں میں سوراخ کر کے داخل ہو جاتی ہے اور اندر ہی اندر بیجوں کو کھاتی رہتی ہے ٹینڈے میں سوراخ بند ہو جاتا ہے اور متاثرہ ٹینڈہ پہچانا نہیں جا سکتا۔ ایک ٹینڈے میں سنڈیوں کی تعداد ایک سے زیادہ بھی ہو سکتی ہے فصل کے خاتمے پر متاثرہ ٹینڈہ پوری طرح نہیں کھلتا اور کپاس کا ریشہ کمزور اور پتلا ہو جاتا ہے۔ یہ سنڈی صرف 20 تا 30 فیصد پیداوار کم ہی نہیں کرتی بلکہ ریشہ کی خصوصیات پر بھی اثر انداز ہوتی ہے اس کی وجہ سے ہر سال تقریباً دس لاکھ گانٹھیں جن کی مالیت تقریباً دس ارب روپے ہے کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور بین الاقوامی منڈی میں نرخ کم ملتا ہے۔

دوران زندگی

گرمیوں میں گلابی سنڈی کی افزائش زیادہ ہوتی ہے اگست سے نومبر تک اس کی 5– 4 نسلیں ہوتی ہیں اور کپاس پر بھی اس کا شدید حملہ اسی عرصے میں ہوتا ہے۔ اس کی مادہ 100 تا 250 انڈے ایک ایک کر کے پتوں، کلیوں، پھولوں اور ٹینڈوں وغیرہ پر دیتی ہے، انڈوں سے بچے بلحاظ موسم 3 تا 7 اور 5 تا 10 دن میں نکل آتے ہیں سنڈی 8 تا 12 دن تک پودے کے پھل دار حصے کو کھانے کے بعد سوراخ کر کے باہر زمین پر گر جاتی ہے اور گرے ہوئے پتوں، پھولوں، کلیوں اور زمین میں کویا (Pupae) کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ جس سے 6 تا 17 دن میں پروانے نکل آتے ہیں جو 2 تا 29 دن تک زندہ رہتے ہیں یہ کیڑا 20 تا 30 دن میں اپنا دوران زندگی مکمل کر لیتا ہے۔ نومبر میں درجہ حرارت کم ہونے کی وجہ سے یہ سنڈی کویا بننے کی بجائے سرمائی نیند کی حالت میں گزارتی ہیں۔ سرمائی نیند میں سنڈیوں کے پروانے بننے کا انحصار زیادہ درجہ حرارت پر ہے ان میں سارا سال پروانے نکلتے رہتے ہیں۔ مئی تک نکلنے والے پروانے کپاس کی فصل نہ ہونے کی وجہ سے زیادہ تر زندہ نہیں رہتے اس کے بعد نکلنے والے پروانے کپاس کے لیے نقصان کا باعث بنتے ہیں۔ اس سنڈی کی افزائش نسل ستمبر کے مہینے میں بہت تیز ہو جاتی ہے اور یہی وہ وقت ہے جب کپاس کے پودوں پر ٹینڈے زیادہ آتے ہیں اور سنڈی کا حملہ بھی نمایاں

ہوتا ہے۔سرمائی نیند ایک پیچیدہ عمل ہے جس کا انحصار درجہ حرارت، دن کی لمبائی اور آئل اجزاء پر ہے۔ کپاس کی فصل کے خاتمے پر بہت سے بچے کھچے ٹینڈوں میں سرمائی نیند میں لاروے ہوتے ہیں ایسے ٹینڈے کھلتے نہیں۔ لاروا ٹینڈوں میں نوک کی طرف داخل ہوتا ہے۔ ریشوں پر زرد دھبے بناتا ہے۔ پہلے ایک بیج کو کھاتا ہے بعد میں دوسرے بیج پر حملہ آور ہوتا ہے۔ اگست اور ستمبر میں بارشیں گلابی سنڈی کے حملہ میں معاون ثابت ہوتی ہیں لاروا 6 تا 10 دن میں ٹینڈوں کو چھوڑ دینا اور کویا (Pupae) کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ چونکہ یہ کیڑا اپنا وقت ڈوڈیوں، پھگوں اور ٹینڈوں کے اندر گزارتا ہے اس لیے اس کا کیمیائی تدارک مشکل ہے۔ گلابی سنڈی کے تدارک کا بہترین اور موثر اور طاقتور ذریعہ گوسیپلور ہے جو ایک فیرومون ہے۔

پی بی روپ

پی بی روپ تقریبا 6 انچ کی ریشہ کی باریک ٹیوب ہوتی ہے۔جس میں گلابی سنڈی کے مادہ کی خوشبو کو کیمیکل کی صورت میں ایک باریک ٹیوب میں رکھا جاتا ہے۔ اور اس پی بی روپ کو کم از کم 25 ایکڑ کے بلاک میں 150- 100 روپ فی ایکڑ کے حساب سے پودے پر لگا دیا جاتا ہے۔ اور پی بی روپ کے ٹریٹڈ بلاک میں مادہ کی خوشبو اس قدر پھیل جاتی ہے کہ نر اصلی مادہ کو ڈھونڈ ہی نہیں سکتا اور یوں نر اور مادہ کے جنسی ملاپ نہ ہونے کی وجہ سے مادہ جو انڈے دیتی ہے اس میں سے بچے نہیں نکلتے اور اس طرح گلابی سنڈی کی تعداد نہیں بڑھ پاتی اور فصل کم از کم 90 دن تک گلابی سنڈی کے حملہ سے محفوظ رہتی ہے۔



طریقہ استعمال

- پی بی روپ کوڈوڈیاں نکلنے سے پہلے فصل میں لگائیں یعنی کم ازکم ایک ماہ کی فصل پر لگائیں
- پی بی روپ کم ازکم 25 ایکڑ کے بلاک میں لگائیں
- اگر پی بی روپ کی تعداد 100 فی ایکڑ رکھنی ہوتو پہلا آدمی پہلی قطار کے کنارے کھڑا کریں اوراس کے بعد ہر دسویں قطار میں آدمی کھڑا کریں۔
- پہلی پی بی روپ منتخب کی گئی قطار کے سرے والے پودے پرلگوائیں اس کے بعد قطار کی سمت پانچ قدم پر دوسری پی بی روپ لگوائیں اس طرح ہر پانچویں قدم چلتے جائیں اور پی بی روپ پودوں کے ساتھ لگواتے جائیں۔
- پی بی روپ کو پودے کے تنے کے ساتھ twist کر کے لگائیں۔
- خیال رکھیں کہ پی بی روپ زمین کو نہ چھوئے
- اگر پی بی روپ کی تعداد 200 فی ایکڑ رکھنی ہوتو پہلا آدمی پہلی قطار اور دوسرا ہر چھٹی قطار میں کھڑا کریں اور اس طرح پانچ قدم کا فاصلہ رکھ کر پی بی روپ سارے بلاک میں لگوائیں۔
- کوشش یہ ہونی چاہیے کہ پی بی روپ سارے بلاک میں لگ جائیں۔
- پی بی روپ ٹریٹڈ بلاک میں کم ازکم دوجنسی پھندے بھی لگوائیں اور انہیں مسلسل چیک کرتے رہیں۔ جب تک پی بی روپ کا اثر رہے گا جنسی پھندوں میں گلابی سنڈی کے نر پروانے نہیں آئیں گے۔
- جونہی اس میں پروانے آنے لگیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ پی بی روپ کا اثر ختم ہوتا جارہا ہے۔ جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے کہ پی بی روپ کم ازکم 90 دن تک موثر ہوتا ہے۔

پی بی روپ کی شرح بحساب فی ایکڑ	قطار سے قطار کا فاصلہ	پودے کا پودے سے فاصلہ
200	ہر چھٹی (6 قطار	پانچ (5 قدم قطار کے ساتھ
150	ہر آٹھویں (8 قطار	
120	ہر نویں (9 قطار	
100	ہر دسویں (10 قطار	

- گلابی سنڈی کا حملہ شدت سے ہونے کی صورت میں بھی پی بی روپ کا اثر ہوسکتا ہے۔ لہذ افصل کو باقاعدگی سے چیک کرتے رہیں۔
- گلابی سنڈی کا حملہ شدید ہونے کی صورت میں زرعی ماہرین کے مشورے کے بعد زرعی ادویات سے گلابی سنڈی کا کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

باؤناپن کا مرض (Stunting Disease)

صباحت حسین، سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان

باؤناپن کے مرض کو چھوٹے پتے ہونے کی بیماری (Smalling Disease) کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ اس مرض کا حملہ کپاس کی امریکن اقسام پر ہوتا ہے۔ دیسی اقسام اس مرض کے حملے سے محفوظ رہتی ہیں۔ زیادہ تر اپریل اور مئی کی کاشت میں پودے اس مرض کا شکار ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ جو جرمپلازم (Germplasm) بدیشی ممالک سے منگوا کر کاشت کیا جاتا ہے ان کے پودے اس مرض کا شکار ہوتے ہیں۔

اسباب

اس مرض کا اصل سبب ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا اس مرض پر کافی تحقیقات کی گئی ہیں۔ بیمار پودوں کی جڑوں میں Rhizoclonia solani اور Fusarium solani پھپھوند برآمد کئے گئے مگر ان پھپھوند سے دوبارہ مرض نہ پھیل سکا۔ بیمار پودوں سے حاصل شدہ تخم کو دوبارہ کاشت کرنے سے بھی مرض آئندہ نسل کے پودوں میں منتقل نہ ہو سکا۔ اس طرح بیمار پودے کو صحت مند پودے کے ساتھ پیوند کرنے سے بھی مرض بیمار سے صحت مند پودے میں منتقل نہ ہو سکا۔ ان وجوہات کی بناء پر خیال کیا جاتا ہے کہ یہ کوئی ایسا مرض نہیں جو کسی جرثومہ کی وجہ سے پھیلتا ہو بلکہ بعض اقسام کی تبدیلی آب و ہوا کا اثر ہے جو سال ہا سال کی کاشت کے بعد آہستہ آہستہ زائل ہو جاتا ہے۔

علامات

اس مرض کا حملہ پودے کے نکلتے ہی شروع ہو جاتا ہے۔ دو ہفتے کی عمر کے پودے میں اس مرض کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ بیمار پودے کا قد چھوٹا رہ جاتا ہے۔ اس کے پتوں، ٹہنیوں اور تنے کا رنگ سرخی مائل زرد ہو جاتا ہے۔ اس کے پتے تنے کے متوازی نظر آتے ہیں۔ پتوں کی ڈنڈیاں تنے اور ٹہنیوں کی پوریں بہت چھوٹی رہ جاتی ہیں۔ پتے سائز میں بہت ہی چھوٹے اور جھری دار دکھائی دیتے ہیں۔ ایسے پودوں پر بہت ہی کم ٹینڈے لگتے ہیں۔ اور جو تھوڑے بہت ٹینڈے لگتے ہیں وہ بہت ہی چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ اور تڑک جاتے ہیں۔ اور ان میں بہت ہی کم بیج اگنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ ایسے بیمار پودے گردے کی شکل میں بھی ملتے ہیں اور صحت مند پودوں کے درمیان اکا دکا ہی نظر آتے ہیں۔ بیمار پودے چھوٹے قد اور منفرد رنگ کی وجہ سے دور ہی سے پہچانے جا سکتے ہیں۔

علاج

خوش قسمتی سے بیماری لوکل اقسام CIM-620, Cyto-177 وغیرہ اس مرض کے خلاف کافی قوت مدافعت رکھتی ہیں۔ بدیشی اقسام جن میں اس مرض کے خلاف قوت مدافعت نہیں ہے ان کو اپریل اور مئی کی بجائے جون کے شروع میں کاشت کرنے سے اس مرض سے بچایا جا سکتا ہے۔

کپاس کی فصل پر سفید مکھی، سبز تیلہ اور تھرپس کا مربوط طریقہِ انسداد

سیف اللہ خان، سینئر مینجر ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ علی اکبر گروپ، ملتان

کپاس کی فصل ابتداء سے لے کر آخر تک مختلف کیڑوں کے حملے کا شکار رہتی ہے جن کا بروقت تدارک نہ کر کے کسان اچھی پیداوار سے محروم ہو جاتے ہیں۔ رس چوسنے والے کیڑوں میں سے سفید مکھی، سبز تیلے اور تھرپس کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ ذیل میں ان کیڑوں کے دوران زندگی، طرز نقصان اور تدارک کی تفصیل دی گئی ہے تاکہ کسان اسن کیڑوں کے بارے میں آگاہی حاصل کر کے اچھی پیداوار لے سکے۔

1۔ سفید مکھی

سفید مکھی ایک پردار بہت ہی چھوٹا سا سفید زردی مائل کا پروانہ ہے۔ اس کے بچے بیضوی شکل کے ہوتے ہیں۔ بالغ اور بچے دونوں ہی پتے کی نچلی سطح سے رس چوستے ہیں جس سے پودے کمزور ہو جاتے ہیں۔ اس کیڑے کے جسم سے لیس دار مادہ خارج ہوتا ہے جو کہ نچلے پتوں پر گرتا ہے جس پر پھپھوندی لگتی ہے اور پتے کا رنگ کالا سیاہ کر دیتی ہے جس سے پتے کی خوراک بنانے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح کھلے ٹینڈے پر پھپھوندی لگنے سے روئی کا معیار گر جاتا ہے۔ سفید مکھی کپاس کا پتا مروڑ وائرس بیمار پودوں سے صحت مند پودوں میں منتقل کرنے کی بھی ذمہ وار ہے۔ یہ مکھی سال بھر کھیت میں موجود رہتی ہے۔ سفید مکھی کی نسل خشک آب و ہوا اور زیادہ درجہ حرارت میں بڑی تیزی سے بڑھتی ہے اور اس کے حملے میں بھی شدت آتی ہے۔ جولائی اور اگست میں سفید مکھی کپاس پر کافی تعداد میں موجود رہتی ہے۔ کپاس کے ختم ہونے پر یہ کیڑا سرسوں کے خاندان کے پودوں، سبزیوں اور جڑی بوٹیوں پر چلا جاتا ہے۔ اٹ سٹ، کرنڈ چھبڑ، گندل بوٹی، چولائی، لہلی اور لہہ سفید مکھی کے میزبان پودے ہیں ان کی کپاس کے کھیت میں تلفی کو یقینی بنائیں۔

دورانِ زندگی: مادہ پتوں کی نچلی سطح ایک ایک کر کے 50ا سے 150 لمبوترے شکل کے انڈے دیتی ہے۔ 35 سے 37 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت اس کے انڈے دینے کے لیے موزوں قرار دیا گیا ہے۔ ان انڈوں میں سے اپریل تا ستمبر 3 سے 5 دن اور اکتوبر میں 5 سے 17 دن اور دسمبر تا جنوری 33 دن میں بچے نکل آتے ہیں۔ یہ بچے تھوڑی سی حرکت کے بعد مناسب جگہ پر چپک جاتے ہیں اور اسی جگہ پر چپکے ہوئے پتوں سے خوراک حاصل کرتے رہتے ہیں۔ بچے اپریل تا ستمبر کے دوران 8 سے 14 دن میں کوئے کی حالت کو پہنچ جاتے ہیں۔ کوئے کی رنگت زردی مائل یا سیاہی مائل ہوتی ہے اور ان پر دو گول سرخ رنگ کے دھبے ہوتے ہیں اور یہ بھی پتوں کی نچلی سطح پر چپکے رہتے ہیں ان میں سے 4 سے 8 دنوں کے اندر اندر بالغ مکھیاں نکل آتی ہیں۔ بالغ مکھیاں 2 سے 5 دن تک زندہ رہتی ہیں۔ یہ کیڑا موسم کی مناسبت سے 15 سے 20 دنوں میں اپنا دورانِ زندگی مکمل کر لیتا ہے۔ اس کی سال میں تقریباً سات نسلیں نوٹ کی گئی ہیں۔ کپاس کے موسم میں اس کی سات نسلوں کے دورانیہ میں ایک مکھی کم و بیش 750 نئی مکھیوں کو جنم دیتی ہے۔

نقصان کی معاشی حد: 4 سے 5 بالغ یا بچے فی پتا یا دونوں ملا کر فی پتا

متبادل خوراکی پودے: سفید مکھی کا حملہ تقریباً ہر فصل پر نوٹ کیا گیا ہے۔ 150 کے قریب اس کے متبادل خوراکی پودے بتائے گئے ہیں ان میں سے گوبھی، توریا، بھنڈی، تمباکو، مونگ، خربوزہ، تربوز، ماش، بینگن، گوارا، سویابین، چپن کدو وغیرہ زیادہ اہم ہیں۔

تدارک

☆ رانی 20 فیصد ایس پی 150 گرام فی ایکڑ اور دوسرا سپرے 5 دن کے وقفے سے ڈیفنس 28 فیصد ڈبلیو پی، 200 گرام فی ایکڑ

☆ ستارہ 25 فیصد ڈبلیو پی 600 گرام فی ایکڑ اور دوسرا سپرے پرا گریس 10.8 ای سی 250 ملی لیٹر فی ایکڑ

☆ سپرے کی کوریج کو یقینی بنائیں، اس مقصد کے حصول کے لیے اچھی نوزل، اچھی مشین، زیادہ پانی کی مقدار اور ٹھنڈے وقت کا انتخاب کریں۔ پودوں کے بھرپور جھاڑ پر پاور سپریئر کا انتخاب کریں اس سے پودوں کی کوریج اچھی ہوتی ہے اور پتے کی نچلی سطح تک درست طریقے سے سپرے پہنچتا ہے۔

☆ کھیت سے جڑی بوٹیوں کی تلفی کو یقینی بنائیں۔

☆ اگر کپاس کے کھیت کے ساتھ کوئی اور سفید مکھی کی میزبان فصل موجود ہے تو اس پر زہر پاشی کر کے اس کی تلفی کو یقینی بنائیں تا کہ کپاس پر سفید مکھی کی نقل مکانی نہ ہو۔

☆ یوریا کھاد اور ضرورت سے زیادہ آبپاشی سے گریز کریں۔

☆ پہلے سپرے کے پانچویں دن فصل کی پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور سفید مکھی کے نقصان کی معاشی حد پر پہنچنے پر دوسرے سپرے میں تاخیر نہ کریں۔

2۔ چست تیلا

یہ تکون نما شکل کا کیڑا رنگت میں سردیوں میں سرخی مائل پیلا اور گرمیوں میں سبزی مائل پیلا ہوتا ہے۔ بالغ کے اگلے پروں پر دو سیاہ رنگ کے دھبے ہوتے ہیں اور قد تقریباً 30 ملی میٹر ہوتا ہے اور بڑی چستی سے پتوں پر چھلانگیں لگاتا ہے۔ اس کے بچے اور بالغ دونوں ہی پتوں کی نچلی سطح سے رس چوستے ہیں۔ زیادہ حملے کی صورت میں پتے کناروں سے گہرے پیلے اور بعد میں سرخ ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور خشک ہو کر نیچے کی طرف مڑ جاتے ہیں۔ شدید حملے کی صورت میں پتے گرنا شروع ہو جاتے ہیں اور فصل جھلسی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اس کیڑے کا سب سے زیادہ حملہ جون اور جولائی کے مہینے میں ہوتا ہے جب موسم گرم اور ہوا میں نمی زیادہ ہوتی ہے۔ اس کیڑے کا حملہ اگر فصل کی ابتدائی حالت میں شدت اختیار کر جائے تو پودے کی بڑھوتری رک جاتی ہے اور اگر اس کا حملہ گڈی اور پھول نکلنے کے دوران ہو تو یہ ان کے کیرے کا سبب بنتا ہے جس سے پیداوار میں خاصی کمی آتی ہے۔

دورانِ زندگی : سبز تیلے کی سال میں 11 نسلیں آتی ہیں اور یہ ماسوائے جنوری کے سارا سال اپنی افزائش نسل جاری رکھتا ہے۔ مادہ ایک ایک کر کے پتوں کی رگوں کے اندر انڈے دیتی ہے جو آنکھ سے نظر نہیں آتے۔ عمومی طور پر ان انڈوں کی تعداد 30 تک ہوتی ہے۔ انڈے 35 سے 45 دن کی عمر کے پتوں پر زیادہ نوٹ کیے گئے ہیں۔ ان انڈوں سے تین یا چار دن میں گرمیوں میں اور دس دن بعد سردیوں میں بچے نکل آتے ہیں۔ بچے کی 5 حالتیں 6 تا 9 دن گرمیوں میں اور تقریباً 21 دن سردیوں میں مکمل ہو جاتی ہیں۔ اس کیڑے کی زندگی 35 تا 50 دن ہے۔

نقصان کی معاشی حد : 1 بالغ یا بچہ فی پتا

متبادل خوراکی پودے : بینگن، سورج مکھی، آلو، لوبیا وغیرہ

تدارک

☆ کھیت کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں۔

☆ حملے کی صورت میں پریمیئر 50 فیصد ایس جی 50 گرام فی ایکڑ اور دوسرا اسپرے ٹرانسفارم 50 فیصد ڈبلیو جی پانچویں سے ساتویں دن دہرائیں۔

☆ چونکہ اس کیڑے کے بالغ اور بچے پتے کی نچلی سطح پر ہوتے ہیں اس لیے کو ریج کو پودے کے درمیانے والے حصے پر یقینی بنائیں۔

☆ فصل کی ابتداء سے ہی پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور نقصان کی معاشی حد پر پہنچنے پر زہر پاشی کریں۔

☆ جون اور جولائی میں بھنڈی کی فصل ختم ہو رہی ہوتی ہے اور وہ سبز تیلے کی آماجگاہ بنی ہوتی ہے بھنڈی پر سپرے نہ ہونے کی وجہ سے یہ کیڑا ساتھ لگی کپاس پر منتقل ہوتا ہے اور اُس وقت اس کی تعداد بھی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ پہلے سپرے کے پانچویں دن لازمی فصل کا معائنہ کریں حملے کی صورت میں دوسرے سپرے میں تاخیر نہ کریں تا کہ اس کی آنے والی نسل کو ختم کیا جا سکے۔

☆ فصل پر اسپرے ہمیشہ نقصان کی معاشی حد پر کریں اور اسپرے کے لیے اچھی نوزل کا انتخاب کریں۔

☆ کھیت کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں اگر فصل بھنڈی کے کھیت کے نزدیک ہے تو بھنڈی پر حملے کی صورت میں زہر پاشی کریں تا کہ کیڑے کی نقل مکانی نہ ہو۔

3۔ تھرپس

یہ رس چوسنے والا کیڑا زیرہ نما لمبوتری شکل کا ہوتا ہے۔ رنگت میں ہلکا بھورا یا سیاہ ہوتا ہے۔ اس کیڑے کے بالغ اور بچے دونوں ہی پتے کی نچلی سطح کو کھرچ کر رس چوستے ہیں جس کی وجہ سے پتوں کی نچلی سطح رگوں کے درمیان چمکیلی ہو جاتی ہے۔ اس کے حملے کی وجہ سے پتے چڑ مڑ جاتے ہیں۔ پودے کے ابتدائی ایام میں فصل کو بہت نقصان پہنچاتا ہے۔ تھرپس سردیوں کا موسم بالغ حالت میں گزارتا ہے۔ تھرپس سال بھر سرگرم رہتا ہے۔ مئی سے ستمبر تک کپاس، اکتوبر میں گوبھی اور نومبر سے اپریل تک پیاز اور لہسن میں پایا جاتا ہے۔ یہ کیڑا ڈوڈیوں اور پھولوں پر بھی حملہ کرتا ہے اس کا حملہ فصل کے شروع سے لے کر ستمبر کے آخر تک رہتا ہے۔

دورانِ زندگی : اگیتی کپاس پر اس کا حملہ اس وقت شروع ہوتا ہے جب یہ زمین سے اگنا شروع ہوتی ہے۔ اسکی مادہ نرم پتوں اور شاخوں پر گروہ کی شکل میں انڈے دیتی ہے جن میں سے 5 سے 9 دن بعد بچے نکل آتے ہیں۔ یہ بچے 4 تا 6 دن میں کوئے کی حالت اختیار کر لیتے ہیں۔ کوئے (Pupae) زمین سے ایک انچ نیچے چلے جاتے ہیں جن میں سے 3 تا 6 دنوں میں بالغ کیڑے نکل آتے ہیں اور اس طرح پورا دورانِ زندگی 21 – 12 دن میں مکمل ہو جاتا ہے۔

نقصان کی معاشی حد : 8 تا 10 بالغ یا بچے فی پتا

متبادل خوراکی پودے : کپاس کے علاوہ تھرپس بہت سے دوسری فصلوں مثلاً ٹماٹر، پیاز، گوبھی، بینگن، ارنڈ، مونگ پھلی، مرچ، املتاس، تمبا کو اور جنتر پر حملہ آور ہوتی ہے۔

تدارک

☆ کھیت کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں۔

☆ کپاس کی فصل پر بہتر کنٹرول کے لیے اس کیڑے کو دوسری متبادل فصلوں مثلاً پیاز، لہسن، گوبھی، آلو، تمباکو، ٹماٹر اور کھیرے پر بھی موثر زہروں کے ذریعے کنٹرول کیا جائے۔ عمومی طور پر پیاز اور کپاس کی مخلوط کاشت دیکھنے کو ملتی ہے پیاز پر تھرپس کا حملہ ہوتا ہے اور جونہی کپاس کا پودا اگتا ہے تو وہ بھی اس کی زد میں آجاتا ہے۔ پہلے تو کوشش کی جائے کہ پیاز الگ کھیت میں لگائے جائیں اگر موجود ہیں تو تھرپس کا خاتمہ کیا جائے تاکہ کپاس اس کے حملے سے محفوظ رہ سکے۔

☆ کپاس کے شروع میں اس کیڑے کا حملہ بہت زیادہ نقصان کا باعث بنتا ہے۔ حملے کی شدت سے فصل ٹنڈ منڈ ہو جاتی ہے جس سے اس کی بڑھوتری بے حد متاثر ہوتی ہے۔ اس کے لیے فصل کی پیسٹ سکاؤٹنگ انتہائی ضروری ہے۔ فصل پر ابتدائی حملے کی صورت میں سافٹ کیمسٹری کا سپرے کریں تاکہ فصل سٹریس میں نہ آئے۔

☆ اگر کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے بڑھ جائے تو مندرجہ ذیل زہروں میں سے کسی ایک کی زہر پاشی کریں:

بجائی کا مرحلہ: صاف سُتھرا اور صحت مند بیج کاشت کریں۔ بجائی سے پہلے بیج کو کراؤن 70 ڈبلیو ایس 5 سے 10 گرام فی کلو گرام لگا کر کاشت کریں۔ جس سے پودے کو رس چوسنے والے کیڑوں سے ابتدائی تحفظ ملتا ہے اور فصل کی اُٹھان بہتر ہوتی ہے۔ اگر تھرپس نقصان کی معاشی حد پر پہنچ جائے تو ڈیلیگیٹ 25 فیصد ڈبلیو جی بحساب 30 گرام فی ایکڑ کی مقدار سے اسپرے کریں۔

فصل کا ابتدائی مرحلہ: یہ فصل کا بہت ہی نازک مرحلہ ہوتا ہے۔ اس دوران رس چوسنے والے کیڑوں کے حملے سے فصل پھول گڈی کے کیرے کا شکار ہوتی ہے اور فصل کا ابتدائی پھل جو کہ اچھی پیداوار کا ضامن ہوتا ہے اس کا ضیاع ہو جاتا ہے۔ اگر اس دوران فصل پر تھرپس کا حملہ ہو تو پہلا فائنڈر 36 فیصد ایس سی 150 ملی لیٹر فی ایکڑ اور دوسرا اسپرے ڈیلیگیٹ 25 فیصد ڈبلیو جی بحساب 30 گرام فی ایکڑ کے حساب سے کریں۔

آخری مرحلہ: ڈمر 70 فیصد ایس پی 400 گرام فی ایکڑ اسپرے کریں اور کھیت کو پانی لگائیں۔

کپاس میں بی ٹی کی تشخیص

ڈاکٹر خادم حسین، سی سی آر آئی، ملتان

پاکستان میں بی ٹی کپاس 90 فیصد سے زیادہ رقبے پر کاشت کی جاتی ہے۔ بی ٹی کپاس کا پودا Cry-1Ac پروٹین پیدا کرتا ہے۔ جو کہ ایک کیڑے مار زہر ہے۔ جب مخصوص کیڑے بی ٹی کپاس کو کھاتے ہیں۔ تو ان کے گلے (Midgut) میں سوزش ہو جاتی ہے۔ جسکی وجہ سے وہ مزید خوراک نہیں کھا سکتے اور وہ مر جاتے ہیں کسانوں، سیڈ کمپنیوں اور مختلف آرگینک کپاس پیدا کرنے والی یا خریدنے والی اور تحقیق سے وابستہ لوگوں کے لیے کپاس کے بی ٹی کی تشخیص کرنے کے پارے میں علم ہونا ضروری ہے۔ بی ٹی تشخیص کے لئے مختلف طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔



ایک ہفتے بعد نان بی ٹی پودے کا پتہ



دو ہفتے بعد نان بی ٹی پودے کا پتہ

1. پی سی آر
2. ELISA
3. بی ٹی سٹرپ کے ذریعے
4. کینامائی سین



ایک ہفتے بعد بی ٹی پودے کا پتہ

مگر ان سب میں سے سستا اور آسان طریقہ کینامائی سین سلفیٹ کا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ جن پودوں کو جانچنا درکار ہو ان کو نشانی لگا ہیں جیسے کہ کوئی کپڑے کا ٹکڑا باندھ لیں۔

۲۔ اوپر سے تیسرے یا چوتھے پتے کا انتخاب کریں جو کہ ابھی بڑھوتری کے عمل سے گزر رہا ہو۔ اور اس کو دھاگہ یا کوئی ٹیگ باندھ کر نشانی لگا لیں۔

۳۔ انسانی استعمال کا انجکشن (Canamycin Sulphate)
کینامائی سین سلفیٹ (1g) پاؤڈر کی حالت میں میڈیکل سٹور سے خریدیں۔

۴۔ ایک لیٹر صاف پانی لے کر اس میں کینامائی سین سلفیٹ پاوڈر (1g) مکس کریں۔

۵۔ شام کے وقت منتخب شدہ پتوں پر یہ سلوشن روئی کی مدد سے لگا دیں۔

٦۔ ہفتے کے بعد جو پودے نان بی ٹی ہوں گے ان کے پتے کا رنگ اس جگہ سے پیلا ہونا شروع ہو جائے گا جہاں یہ سلوشن لگا ہو گا جبکہ بی ٹی پودوں پر اس کا اثر بالکل نہ ہو گا اور دو ہفتوں بعد نان بی ٹی کے پتے بھوری رنگت کے ہو جائیں گے۔

کپاس کے ریشے کی بناوٹ

ڈاکٹر محمد نواز، کاٹن کنسلٹنٹ

س: سیکنڈری وال کا عبوری فیز کتنے دن جاری رہتا ہے۔

ج: سیکنڈری وال کی پرائمری وال سے ہم عصری 12 تا 21 دن جاری رہتی ہے۔ عبوری فیز کا انحصار قسم کپاس، رات کے درجہ حرارت اور لیف واٹر پوٹینشل سیل وال کے کھچاؤ کی گنجائش و دیگر خلقی اوصاف سے ہے۔

س: کیا گڈی کے مرحلے میں فائبر سیلز کے عضوئے خوردبین سے نظر آتے ہیں۔

ج: کپاس کے پودے پر بعد از بوائی 32– 22 دن بعد گڈی کی تشکیل عمل میں آتی ہے۔ گڈی کے ابتدائی مراحل میں بیضک (Ovule) کی سطح پر ایک ہزار اپی ڈرمس سیل ہوتے ہیں۔ جو پھول کھلنے کے مرحلہ پر 60 ہزار کی تعداد حاصل کر لیتے ہیں۔ پھول کھلنے کے ابتدائی عشرہ میں ان کی تعداد ایک لاکھ 35 ہزار کو پہنچ پاتی ہے۔ ان اپی ڈرمل سیلز میں سے 12 تا 20 ہزار فائبر ز کا روپ دھارتے ہیں۔ عمومی طور پر فائبر سیلز کا اپی ڈرمل سیلز کا تناسب ہوتا ہے یعنی اپی ڈرمل سیلز سے ایک لنٹ فائبر (1:11) اُگتا ہے۔ یہ عمل پھول کھلنے سے 16 گھنٹے پہلے ہوتا ہے۔ ہر بیج کی سطح پر 12 تا 20 ہزار سالم و مکمل ریشے پائے جاتے ہیں۔ پھول کھلنے کے وقت سیلز کا سطحی ایریا 60 مائیکرو میٹر کے قریب ہوتا ہے۔ بیضک کی سطح پر موجود سیلز وضع میں مکعب نما ہوتے ہیں اور ان کی لمبائی 9–8 مائیکرو میٹر ہوتی ہے۔ فائبر سیلز کی اپی ڈرمل سیلز سے وضع قطع کی پہچان پھول کھلنے سے 16 گھنٹے پہلے الیکٹرون مائکروسکوپ سے ممکن ہے۔

س: فائبر کی گروتھ ابتدائی طور پر کس رخ ہوتی ہے۔

ج: ابتدائی طور پر فائبر لمبائی و گولائی میں بڑھتا ہے۔ جبکہ اسکی ساق فٹ پا بیج کی بیرونی اپی ڈرمس میں مضبوطی سے دھنسا ہوتا ہے۔ اپی ڈرمس سے فائبر سیل کی نموکسی ترتیب سے عمل میں نہیں آتی ہے یعنی فائبر کی پھوٹ رینڈم بے ترتیب ہوتی ہے۔ فائبر کا اساسی گھیرا 40 تا 70 مائیکرو میٹر ہوتا ہے۔

س: فائبر کی بالیدگی تک اپی ڈرمل سیل ڈویژن کتنی بار ہوتی ہے۔

ج: سیلز ڈویژن پری اینتھسز پیریڈ میں 6 بار و پوسٹ اینتھسز میں 3 بار ہوتی ہے۔ سیل ڈویژن کا دورانیہ پری سے پوسٹ اینتھسز 2 سے 5 دن کم ہو جاتا ہے۔ سیل ڈویژن پھول کھلنے کے 8– 6 دن بعد اختتام پزیر ہو جاتی ہے۔ فائبر سیلز کا پھیلاؤ و یکیول فینولک مرکبات (Phenolic compound) انڈول ایسٹک ایسڈ دیگر انزائمز ہارمونز کے زیر تسلط طے پاتا ہے۔ سیل ڈویژن کے تمام پر بیج کے سائز حجم میں بڑھوتری ہوتی ہے۔ سیلز کی تعداد میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا۔

س: سنگل فائبر افزائش ایک دوسرے میں کیوں مزاحم ہوتی ہے۔

ج: فائبر ز کی افزودگی لمبائی کے رخ ہوتی ہے۔ بیج کی سطح پر فائبر ز کے درمیان فاصلہ بہت کم ہوتا ہے اس طرح مزاحمت کی وجہ سے فائبر ز ایک دوسرے میں دھنسے نظر آتے ہیں۔

س: فائبرز سیل وال کا پھیلاؤ کن عوامل کے زیر اثر ہے۔

ج : فائبر زسیل وال کا پھیلاؤ ہائیڈروایسٹک (Hydrostatic) پریشر کے نتیجہ میں رو پزیر ہوتا ہے۔ یہ پریشر پانی، پوٹاشیم وسلفیٹ کے انجذاب سے پیدا ہوتا ہے۔ پوٹاشیم وسلفیٹ کا معکوس تناسب فائبرز کی لمبائی کو ریگو کیٹ کرتا ہے۔ فائبرز کی طوالت سیل وال کے غیر رجعی پھیلاؤ کا نتیجہ ہے۔

س : فائبرز کے گھیرے (Perimeter) کا کب تعین ہوتا ہے۔

ج : فائبرز کے گھیرے کا تعین ابتدائی افزائش کے دوتین دن میں ہوجاتا ہے۔ فائبرز کی لمبائی قطر سے 3000-1000 گنا زیادہ ہوتی ہے۔

س: ٹنڈے سے فائبرز کوخوراک کیسے ترسیل پاتی ہے۔

ج : ٹنڈے کوخوراک اس کے متقابل پتوں سے فولیم (Phloem) کے زریعے تو نیکلس (Funiculus) کے راستے بہم پہنچتی ہے۔ فائبر زیہ سمپلاست کے راستے منتقل والی خوراک کا دوتہائی اتبوی کوایک تہائی بیرورنی خول کو حاصل ہوتی ہے۔ بیرونی خول فائبز کی خوراک کا منبع ہے۔ سکروزانزایمز کے ذریعے تحلیل ہوکر فائبز کے استعمال میں آتا ہے۔

س: فائبرز کی افزائش کس سرے سے ہوتی ہے۔

ج : فائبرز کی افزائش ٹپ سیلز کی تقسیم در تقسیم کے نتیجہ میں بتدریج عمل میں آتی ہے۔

س : فائبر کی بیرونی سطح کے خول کی تشریح کریں۔

ج : فائبر کی بیرونی سطح ہائیڈروفوبک (Hydrophobic) کیوٹیکل (cuticle) سے ڈھکی ہوتی ہے۔ اسکی موٹائی 20– 10 نینومیٹر ہوتی ہے۔ کیوٹن، سبرین اور ویکس کیوٹیکل شیٹ کے اہم ترکیبی تہہ کے اندر دھنسی ہوتی ہے۔ یہ ایک بیرونی باڑ ہے جسکا فنکشن رطوبت، بیکٹیریا، فنگس کے بُرے اثرات سے بچاتا ہے۔

س : کپاس کے صنفی اوصاف بیان کریں۔

ج : کپاس کا ریشہ برف کی طرح سفید اسٹیل کی مانند قوت، سلک کی مانند نفیس واون جیسی خوبیوں سے مرصع ہے۔ کپاس تن ڈھانپنے کا سستا ترین ذریعہ ہے۔

س: مارکیٹ میں کپاس کی قدر کا تعین کس بنیاد پر ہوتا ہے۔

ج : کاشت کار کے لئے پیداوار اہم ہے۔ تاہم منڈی میں تعداد نہیں معیار سے کپاس کے ریشے کی قدر کا تعین ہوتا ہے۔ کاشت کار کی نظر سے ریشے کی کوالٹی کا پہلو اوجھل ہے۔ ہم کپاس دھاگے و کپڑے کی صنعت کے لئے اگاتے ہیں۔ لحافوں میں روئی بھرنے کے لئے نہیں اگاتے۔